# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## Master of Social Work

## Semester– IV (April, 2026)

## Paper Code: MMSW403DST

## Paper Name: Public Health and Social Work

## (صحت عامہ اور سوشل ورک)

وقت: 3 گھنٹے

مفروضہ نمبرات: 70

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم اور حصہ سوم- ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارتاً ہے- تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے-

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں- ہر سوال کا جواب لازمی ہے- ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے- (10*1= 10 Marks)
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں- ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں میں دینا ہے- ہر سوال کے لیے 6 نمبر مختص ہیں- (5*6= 30 Marks)
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جواب دینے ہیں- ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں میں دینا ہے- ہر سوال کے لیے 10 نمبر مختص ہیں- (3*10= 30 Marks)

**حصہ اول–سوال نمبر1**

(i) پرسیوال پوٹ کس شعبے سے وابستہ ہیں؟

(a) ایپیڈیمیالوجی (b) اوکیوپیشنل ہیلتھ

(c) نیوٹریشن (d) ڈیموگرافی

(ii) ان میں سے کون سا ہیلتھ کا انڈیکیٹر ہیومن ڈیولپمنٹ انڈیکس (HDI) میں شامل ہے؟

(a) شرح پیدائش (b) شرح اموات

(c) متوقع عمر (Life expectancy) (d) شرح زرخیزی

(iii) آشا ورکرز کس پروگرام سے متعلق ہیں؟

(a) آئی سی ڈی ایس (b) این آر ایچ ایم

(c) منریگا (d) آیوشمان بھارت

(iv) ابتدائی مردم شماری کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

(a) تعلیمی منصوبہ بندی (b) فوج میں بھرتی اور ٹیکس کلیکشن

(c) صحت میں بہتری (d) صنعتی ترقی

(v) ثانوی صحتی خدمات میں کیا شامل ہوتا ہے؟

(a) سب سینٹرز (b) پی ایچ سی

(c) کمیونٹی ہیلتھ سینٹرز (d) آشا ورکرز

(vi) کرتار سنگھ کمیٹی نے ملٹی پرپز ہیلتھ ورکرز کی سفارش کی۔ (صحیح / غلط)

(vii) یونیورسل ہیلتھ کوریج قومی صحت پالیسی کا ایک مقصد ہے۔ (صحیح / غلط)

(viii) ہیلتھ ایکو سسٹم میں کون سا طریقہ استعمال ہوتا ہے؟

(a) اویئرنیس کیمپینز (b) کمیونٹی موبلائزیشن

(c) ایڈووکیسی (d) یہ سبھی

(ix) سوشل ورکر کمیونٹی اور صحتی خدمات کے درمیان ایک ________ کا کام کرتا ہے۔

(x) بھارت میں قومی خاندانی منصوبہ بندی پروگرام کا آغاز کب ہوا تھا؟

## حصہ دوم

2۔ این جی اوز بھارت میں صحتی سرگرمیوں کو کیسے فروغ دیتی ہیں؟

3۔ دسویں پانچ سالہ منصوبہ بندی میں صحت کے اقدامات کو مختصراً بیان کریں۔

4۔ اہم حیاتیاتی واقعات (Vital Events) کیا ہیں؟ یہ سیمپل رجسٹریشن سسٹم کے لیے کیوں اہم ہیں؟

5۔ فلیگ شپ ہیلتھ پروگرام سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ کسی ایک فلیگ شپ ہیلتھ پروگرام کے بارے میں مختصراً بیان کریں۔

6۔ ابتدائی صحت کے نظام (Primary Health System) کو مضبوط بنانے میں آشا یا آنگن واڑی ورکر میں سے کسی ایک کے کردار پر روشنی ڈالیں۔

7۔ عوامی صحت کے بایومیڈیکل ڈسکورس کی تشریح مثالوں کے ساتھ کریں۔

8۔ صحت اور ترقی ایک دوسرے سے کیسے منسلک ہیں؟ مختصراً بیان کیجیے۔

9۔ متعدی امراض (Communicable Diseases) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کی اہم وجوہات کیا ہیں؟

## حصہ سوم

10۔ صحت کے شعبے میں عوامی و نجی شراکت داری (Public-Private Partnership) کا تنقیدی تجزیہ پیش کریں۔

11۔ وبائی امراض (ایپیڈیمیالوجی) کیا ہے؟ اس کے مختلف مراحل کی وضاحت کریں۔

12۔ ہندوستان کی قومی آبادی پالیسی 1976 اور 2000 کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔

13۔ پسماندہ طبقات میں صحت کی خدمات تک رسائی، دستیابی اور استطاعت کے مسائل بیان کریں۔

14۔ صحت کی مختلف اصلاحاتی کمیٹیوں کی اہم سفارشات پر ایک خلاصہ لکھیں۔

SCAN AnyScanner